سبق:۱۸



# گرمی کا موسم



آیا پھر گرمی کا موسم
سورج روپ بدل کر آیا
دھوپ میں تیزی بھر کر لایا
سردی بھاگی چھوڑ کے ہمدم
آیا پھر گرمی کا موسم

اب باغوں میں آم سجیں گے
خربوزے کھانے کو ملیں گے
فالودہ بھی کھائیں گے ہم
آیا پھر گرمی کا موسم

ہم کو صبح و شام ملے گی
چائے کے بدلے شربت ولسّی
پئیں گے ٹھنڈا پانی ہر دم
آیا پھر گرمی کا موسم



★★★

## الفاظ اور معانی:

| معنی | لفظ | معنی | لفظ |
|---|---|---|---|
| ہر گھڑی | ہر دم | صورت۔ شکل | روپ |
| دوست | ہمدم | سوئیاں جنہیں دودھ، برف اور شکر کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں | فالودہ |

## مشق

۱۔ سوچیے اور بتائیے:

(الف) کس موسم کے بعد گرمی کا موسم آتا ہے؟

(ب) گرمی کے موسم میں کون کون سے پھل ہوتے ہیں؟

(ج) فالودہ کیا ہے، اور کس موسم میں شوق سے کھایا جاتا ہے،

(د) گرمی کے موسم میں چایے کے بدلے کس چیز کو شوق سے پیا جاتا ہے؟

(و) دھوپ میں تیزی کب ہوتی ہے؟

۲۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:۔

۱۔ گرمی کا موسم ......................... کے بعد آتا ہے۔

۲۔ چایے کے بدلے ......................... پیتے ہیں۔

۳۔ گرمی کے موسم میں ............... کھانے کو ملتا ہے۔

۳۔ نیچے دی گئی مثال کی طرح اور ۵ مثال دیجیے:۔

مثال گرمی۔ سردی

ٹھنڈا جنت صبح زمین اچھا

۴۔ گرمی کا موسم، لسی ملے گی۔

دیکھیے۔ موسم اور لسی بے جان چیزیں ہیں۔ مگر ان میں سے ''موسم'' مذکر اور ''لسی'' مئونث سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح نظم کو پڑھ کر بتائیے کہ نیچے لکھی ہوئی چیزیں نر ہیں یا مادہ۔

سورج............ آم............... پانی.............. سردی..........................

خربوزہ.........................